# 2
# حُرُوفِ شَمسِي اورحُرُوفِ قَمرِي

## 2.1 سبق کا تعارف:

یہ سبق ان حروف سے متعلق ہے جو حروف تہجی میں استعمال ہوتے ہیں اور ان کے ذریعہ الفاظ بنائے جاتے ہیں، یہ حروف لکھنے پڑھنے اور بولنے سب میں کام آتے ہیں۔

## 2.2 اس سبق سے آپ کیا سیکھیں گے:

- حروف شمسی کسے کہتے ہیں۔
- حروف قمری کسے کہا جاتا ہے۔
- حروف قمری اور حروف شمسی کی تعداد کتنی ہے۔

## 2.3 اصل متن (حروف شمسی کی تعریف):

حروف تہجی دو طرح کے ہیں۔ ان کی پہلی قسم یہ ہے کہ جب ہم ا لْ کے ساتھ حرفوں کو ملاتے ہیں تو بعض حروف الف سے مل جاتے ہیں اور لام کی آواز نہیں آتی انہیں حروف شمسی کہا جاتا ہے۔ ان حروف کی تعداد چودہ ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1.اَلتَّاءُ | 2.اَلثَّاءُ | 3.اَلدَّالُ | 4.اَلذَّالُ | 5.اَلرَّاءُ |
| 6.اَلزَّاءُ | 7.اَلسِّيْنُ | 8.اَلشِّيْنُ | 9.اَلصَّادُ | 10.اَلضَّادُ |

11.اَلطَّاْ ءُ 12.اَلظَّاءُ 13.اَللاَّمُ 14.اَلنُّوْنُ

ان حروف کو شمسی کہنے کی وجہ یہ ہے کہ لفظ ''اَلشَّـمْـس'' کے پڑھنے میں (لام) اگر چہ لکھا جاتا ہے لیکن تلفظ (بولنے) میں نہیں آتا ہے جیسے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ت۔ | اَلتِّلْمِيْذُ | (شاگرد) | 2۔ث | اَلثَّوْبُ | (کپڑا) |
| 3۔د۔ | اَلدَّوَاْءُ | (دوا) | 4۔ذ | اَلذَّهَبُ | (سونا) |
| 5۔ر | اَلرَّبُّ | (پالنے والا) | 6۔ز۔ | اَلزَّكَاْةُ | (زکوۃ) |
| 7۔س | اَلسَّلَامُ | (سلامتی) | 8۔ش | اَلشُّكْرُ | (شکر) |
| 9۔ص | اَلصَّلَاْةُ | (نماز) | 10۔ض | اَلضَّعِيْفُ | (کمزور) |
| 11۔ط | اَلطَّاْلِبُ | (طالب علم) | 12۔ظ | اَلظَّبْيُ | (ہرن) |
| 13۔ل | اَللَّحْمُ | (گوشت) | 14۔ن | اَلنَّجْمُ | (تارا) |

## حروف قمری کی تعریف:

حُروفِ قَمری: حروف تہجی کے ان حروف کو کہا جاتا ہے جن حروف کے پہلے اَ لْ لگایا جاتا ہے تو (بولنے) میں لام پڑھا جاتا ہے اور جب ال جملے کے شروع میں آئے تو لام ساکن کے ساتھ الف پر زبر آتا ہے ایسے حروف کو حروف قمری کہتے ہیں کیوں کہ اَلْقَمَرُ کے پڑھنے میں لام (بولنے) میں آتا ہے۔ان کی تعداد بھی چودہ ہے جیسے:

1.اَلْاَلِفُ 2.اَلْبَاءُ 3.اَلْجِيْمُ 4.اَلْحَاْءُ 5.اَلْخَاْءُ

6.اَلْعَيْنُ 7.اَلْغَيْنُ 8.اَلْفَاْءُ 9.اَلْقَاْفُ 10.اَلْكَاْفُ

11.اَلْمِيْمُ 12.اَلْوَاْوُ 13.اَلْهَاْءُ 14.اَلْيَاْءُ

ان حروف کے ساتھ جب ا ل لگائیں گے تو اس میں ا ل کی آواز آئے گی۔جیسے :

اَلْأَبُ (باپ) اَلْبَاْبُ (دروازہ) اَلْجَنَّةُ (جنت) اَلْحَقُّ (حق) اَلْخَاْدِمُ (نوکر)

اَلْعَرَبِيُّ (عرب) اَلْغَرِيْبُ (اجنبی) اَلْفَقِيْرُ (محتاج) اَلْقَمَرُ (چاند) اَلْكِتَاْبُ (کتاب)

اَلْمَدِيْنَةُ (مدینہ) اَلْوَرْدُ (گلاب) اَلْهُدْهُدُ (ہُد ہد) اَلْيَدُ (ہاتھ)

اس مثال کو ہم ان دوسرے الفاظ سے بھی سمجھ سکتے ہیں۔

1۔أ = اَلْأَسَدُ (شیر) 2۔ب = اَلْبَحْرُ (سمندر)

| | |
|---|---|
| 3۔ج = اَلْجَنَّةُ (جنت) | 4۔ح = اَلْحَقُّ (حق) |
| 5۔خ = اَلْخَادِمُ (نوکر) | 6۔ع = اَلْعَيْنُ (آنکھ) |
| 7۔غ = اَلْغَنِيُّ (مالدار) | 8۔ف = اَلْفَجْرُ (صبح کا وقت) |
| 9۔ق = اَلْقَمَرُ (چاند) | 10۔ك= اَلْكُرَةُ (گیند) |
| 11۔م = اَلْمَرِيْضُ (بیمار) | 12۔و= اَلْوَاْلِدُ (باپ) |
| 13.ه = اَلْهَدِيَّةُ (ہدیہ) | 14۔ي= اَلْيَدُ (ہاتھ) |

اس وضاحت کے بعد اب آپ کو یہ بات اچھی طرح معلوم ہوگئی ہوگی کہ الفاظ کی ادائیگی کرتے وقت یہ دھیان ضرور رہنا چاہیئے کہ اَلْ لگانے کے بعد آواز کس قدر نکالنی چاہیئے اور اس کا اظہار جملوں میں بولتے اور لکھتے وقت کس طرح کرنا چاہیئے۔

## 2.4 تمرینات (متن پر مبنی سوالات):

1۔ حروف شمسی کسے کہتے ہیں ترتیب سے لکھئے۔

2۔ ال ملانے کے بعد جن حروف سے لام کی آواز آتی ہے انہیں کیا کہا جاتا ہے۔

3۔ ال کے ساتھ کوئی ایسے پانچ الفاظ حروف قمری کے لکھئے جو آپ کے سبق میں درج نہیں۔

4۔ حروف شمسی والے پانچ ایسے الفاظ لکھئے جو اس کتاب میں درج نہیں۔

5۔ نیچے کچھ الفاظ دیئے جارہے ہیں ان میں حروف قمری اور حروف شمسی کی شناخت کیجئے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَلْكِتَاْبُ | اَلْقَلَمُ | اَلْمَكْتَبَةُ | اَلْمَدْرَسَةُ | اَلسِّرُ |
| اَلشُّرْ بُ | اَلرَّاْزِقُ | اَلْعِلْمُ | اَلْمُتعَلِّمُ | اَلدَّرْسُ |
| اَلْمَسْجِدُ | اَلسَّجْدَةُ | اَلنَّوْمُ | اَلصَّوْمُ | اَلْحَجُّ |
| اَلْمَطَاْرُ | اَلطَّرِيْقُ | اَلْمَنزِلُ | اَلْهَدِيَّةُ | |

6۔ درج ذیل الفاظ کے معانی بتایئے۔

اَلْوَاْلِدُ اَلْبَحْرُ اَلْخَاْدِمُ اَلْقَمَرُ اَلْجَنَّةُ اَلْحَقُّ اَلْأَبُ اَلْأُمُّ اَلْأَخُ اَلْوَرْدُ

7۔ نیچے لکھے ال کے ساتھ حروف قمری اور شمسی استعمال کیجئے۔

حروف قمری:

1۔ ال
2۔ ال
3۔ ال
4۔ ال
5۔ ال
6۔ ال

حروف شمسی:

1۔ ال
2۔ ال
3۔ ال
4۔ ال
5۔ ال
6۔ ال

8۔ نیچے کچھ الفاظ لکھے جا رہے ہیں ان کے معانی زبانی یاد کیجئے۔

اَلْخَادِمُ (نوکر) اَلْوَالِدُ (باپ) اَلْقَمَرُ (چاند) اَلشَّمْسُ (سورج) اَلْيَدُ (ہاتھ)

اَلنَّوْمُ (نیند) اَلْعِلْمُ (جاننا) اَلصَّوْمُ (روزہ) اَلدَّرْسُ (سبق) اَلْبِئْرُ (کنواں)

## 2.5 اس سبق سے آپ نے کیا سیکھا:

- اس سبق سے آپ کو معلوم ہوا کہ حروف دو طرح کے ہوتے ہیں۔
- آپ نے اس سبق سے یہ بھی سیکھا کہ بعض حروف پر ا ل کے لگانے سے ل کی آواز ساقط ہو جاتی ہے۔
- اس سبق سے آپ کو یہ بھی معلوم ہوا کہ جو حروف ال کے ذریعہ مل جاتے ہیں انہیں حروف شمسی کہا جاتا ہے۔
- اور جو حروف نہیں ملتے انہیں حروف قمری کہا جاتا ہے۔
- اس سبق سے آپ کو معلوم ہوا کہ کل حروف کی تعداد اٹھائیس ہے جن میں چودہ حروف قمری اور چودہ حروف شمسی ہیں۔

## 2.6 متن پر مبنی سوالات کے جوابات:

1۔حروف شمسی ان حروف کو کہا جاتا ہے کہ جب ہم حروف کو ال کے ساتھ ملاتے ہیں تو مل جاتے ہیں اور لام کی آواز نہیں آتی ہے۔جیسے :

اَلتَّاءُ اَلثَّاءُ اَلدَّالُ اَلذَّالُ اَلرَّاءُ اَلزَّاءُ اَلسِّیْنُ اَلشِّیْنُ اَلصَّادُ اَلضَّادُ

اَلطَّاءُ اَلظَّاءُ اَللَّامُ اَلنُّوْنُ

- ال کی آواز والے حروف کا نام:

2۔ انہیں حروف قمری کہا جاتا ہے۔

- پانچ حروف قمری والے الفاظ:

3. اَلْکِتَابُ (کتاب) اَلْقَلَمُ (قلم) اَلْمَکْتَبَۃُ (لائبریری) اَلْفَاکِھَۃُ (پھل) اَلْاِنْسَانُ (انسان)

4۔حروف شمسی والے پانچ الفاظ:

اَلسِّرُّ (راز) اَلشُّرْبُ (پینا) اَلرَّازِقُ (رزق دینے والا)

اَلنَّوْمُ (سونا) اَلصَّوْمُ (روزہ)

5۔ حروف قمری کی شناخت:

1. اَلْکِتَابُ (کتاب) 2. اَلْقَلَمُ (قلم)

3. اَلْمَکْتَبُ (آفس) 4. اَلْفَاکِھَۃُ (پھل)

5. اَلْفَرَسُ (گھوڑا) 6. اَلْجَمَلُ (اونٹ)

حروف شمسی کی شناخت:

1. اَلنَّوْمُ (نیند) 2. اَلصَّدِیْقُ (دوست)

3. اَلشَّمْسُ (سورج) 4. اَلسَّلَامُ (سلامتی)

5. اَلضَّیْفُ (مہمان) 6. اَلتِّلْمِیْذُ (شاگرد)

- الفاظ کے معانی:

6۔ باپ ، سمندر، نوکر چاند جنت سچ باپ ماں بھائی

گلاب کا پھول

7۔ حروف قمری کا استعمال:

1. اَلْقُرْآنُ (قرآن)
2. اَلْبَرِيْدُ (ڈاک)
3. اَلْجِدَارُ (دیوار)
4. اَلْقَلَمُ (قلم)
5. اَلْكُرْسِيُّ (کرسی)
7. اَلْكُرَّاسَةُ (نوٹ بک)

حروف شمسی کا استعمال:

1. اَلسَّبُّوْرَةُ (بلیک بورڈ)
2. اَلنَّجَّارُ (بڑھئی)
3. اَلضُّيُوْفُ (بہت سے مہمان)
4. اَلدَّجَاجَةُ (مرغی)
5. اَلثَّعْلَبُ (لومڑی)
6. اَلشَّجَرُ (درخت)